SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1990
SINDH ACT NO.VII OF 1990
سندھ بلڈنگس کنٹرول (دوسری ترمیم) ایکٹ، 1990
THE SINDH BUILDINGS CONTROL (SECOND AMENDMENT) ACT, 1990
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 1979 سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 6 کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Ordinance V of 1979
3. 1990 کے سندھ آرڈیننس V کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance V of 1990

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1990
SINDH ACT NO.VII OF 1990
سندھ بلڈنگس کنٹرول (دوسری ترمیم) ایکٹ، 1990

THE SINDH BUILDINGS CONTROL (SECOND AMENDMENT) ACT, 1990

[23 دسمبر 1990]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، 1979 میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، 1979 میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے۔

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ بلڈنگس کنٹرول (دوسری ترمیم) ایکٹ، 1990 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور اور 27 اگست 1990 سے لاگو ہوگا۔

1979 سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 6 کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Ordinance V of 1979

2. سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، 1979 کی دفعہ 6 میں، ذیلی فعہ (4) کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعات اور وضاحت شامل کی جائے گی:

”(5) کسی بھی وقت ذیلی دفعہ (1) کے تحت کوئی اعتراض نہ ہونے والا سرٹیفکیٹ حاصل ہونے کے بعد لیکن بلڈنگ کے مکمل ہونے سے پہلے حکومت اگر مطمئن ہے کہ یا کسی بھی علائقے میں عمارتوں کی تقسیم عوامی مفاد میں نہیں ہے یا دوسری صورت میں ضروری طور پر اس آرڈیننس، کے قواعد یا اس سلسلے میں بنائے گئے ضوابط کے کچھ متضاد ہے تو بنا نوٹس کے سرٹیفکیٹ معطل یا رد کر سکتی ہے۔

وضاحت: اس ذیلی دفعہ میں استعمال کئے گئے اظہار ”عمارت کی تکمیل“ سے مراد عمارت کی تکمیل ہر صورت میں منظور شدہ منصوبے کے مطابق ہے اور اس سلسلے میں ایکوپنسی (Occupancy) سرٹیفکیٹ جاری ہو چکا ہے۔

1990 کے سندھ آرڈیننس V کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance V of 1990

(6) جہاں ذیلی دفعہ (5) کے تحت کوئی حکم جاری کیا گیا ہے، تو اتھارٹی کی طرف سے معاملہ حکومت کی طرف سے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیا

جائے گا۔
3. سندھ بلڈنگ کنٹرول (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 1990 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔